# ناردرن ریجن کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

## ڈویژنل ہیڈ جناب منظور احمد کی خصوصی شرکت

گزشتہ دنوں ریجنل اکیڈمی (ناردرن) کے زیر اہتمام ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد تھے اس ایک روزہ ورکشاپ میں ناردرن ریجن کے تمام زونز سے تربیت حاصل کرنے والوں نے شرکت کی ۔ ورکشاپ کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے تمام تربیت حاصل کرنے والوں سے فرداً فرداً مسائل پوچھے اور ان کی مشکلات حل کرنے کی پوری پوری یقین دہانی کرائی۔ ورکشاپ میں جناب کرنل (ر) گوہر رحمان نے تمام حالات سے جناب منظور احمد کو آگاہ کیا۔ انہوں نے تمام شرکا کی اچھی کاوشوں کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی شعبہ تربیت اسی طرح فیلڈ فورس کو تیار کرنے میں پوری پوری معاونت کرے گا۔ پشاور زون سے ٹرینیز جناب ذاکر خان، ایبٹ آباد سے جناب عمران قاضی، میر پور آزاد کشمیر سے جناب جہان بادشاہ خٹک، اسلام آباد سے جناب فاروق ستی اور راولپنڈی سے جناب عزیز ملک نے اپنے خیالات کا اظہار کیا آخر میں شرکا کو پرتکلف لنچ دیا گیا۔



جناب منظور احمد جناب ذاکر خان کو بہترین کارکردگی پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں، کرنل (ر) گوہر رحمان، جہاں بادشاہ خٹک اور محمد عمران بھٹی بھی نمایاں ہیں



تربیتی ورک شاپ کے شرکاء کا مہمان خصوصی جناب منظور احمد کے ہمراہ گروپ فوٹو

## جناب محمد یوسف قادری انتقال کر گئے



پرنسپل آفس، مارکیٹنگ ڈویژن کے ڈپٹی منیجر جناب محمد یوسف قادری گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد کراچی میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی محنتی، شریف النفس، سادہ طبیعت اور ذمہ دار افسر تھے انہیں رئیل اسٹیٹ ڈویژن، میڈیکل، پی اینڈ جی ایس اور مارکیٹنگ ڈویژن میں کام کرنے کا تجربہ حاصل تھا۔ خوش مزاجی کی بدولت انہوں نے بیماری کو کبھی اپنے اوپر حاوی نہیں ہونے دیا اور آخری وقت تک دفتری امور نمٹاتے رہے۔

مرحوم کی نماز جنازہ میں مارکیٹنگ ڈویژن کے ساتھیوں کے علاوہ دیگر شعبہ جات اور زونز کے ساتھیوں نے شرکت کی۔ مرحوم نے اپنی اہلیہ اور چار بیٹیاں اور ایک بیٹا سوگوار چھوڑے ہیں۔

تحفظ اسٹیٹ لائف کے تمام سینئرز و جونیئرز افسران و اسٹاف کارکنان کی طرف سے ان کی موت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل و استقامت عطا فرمائے۔ (آمین)

کراچی سدرن زون بجٹ اینڈ اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کے سینئر آفس اسسٹنٹ جناب فریدالدین احمد بھی کراچی میں اللہ کو پیارے ہوگئے۔ ان کی نماز جنازہ میں بھی زونز کے ساتھیوں نے شرکت کی اور لواحقین سے گہری ہمدردی اور دکھ کا اظہار کیا۔ ہم اللہ کے حضور دعا گو ہیں کہ انہیں غریق رحمت کرے، ان کے درجات بلند کرے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)



# اجتماعی کارکردگی کے لیے انفرادی کارکردگی کی اہمیت

## سدرن ریجن کے زیرِاہتمام مثالی کارکردگی پر قیمتی انعامات

رپورٹ: اسلم پرویز
سیلز منیجر، کراچی سدرن زون



ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد ٹاپ سیکٹر ہیڈ جناب غلام رسول ابڑو کو ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ہار پہنا کر مبارکباد پیش کررہے ہیں

اسٹیٹ لائف سدرن ریجن کے زیرِاہتمام مختلف کاروباری مقابلوں کی انعامی تقریب کا انعقاد کراچی آرٹس کونسل کے خوب صورت نوتعمیر شدہ آڈیٹوریم میں ہوا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سدرن ریجن کے ریجنل چیف جناب محمد احمد امجد تھے جنہوں نے اپنے خطاب میں سدرن ریجن کے تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور مارکیٹنگ فورس کے تمام کوالیفائرز کو خوش آمدید کہا اور اس امر پر مسرت کا اظہار بھی کیا کہ ہمارے ریجن کے ایریا منیجرز کی ایوریج پرفارمنس کارپوریشن کے لحاظ سے بہترین ہے۔ انہوں نے ساتھیوں پر زور دیا کہ وہ وقت اور صلاحیتوں کا بہترین استعمال کریں۔ انہوں نے شرکاء کی توجہ وہاں آویزاں ''یہ دنیا صرف کامیاب لوگوں کے لیے ہے'' اور ''نیا زمانہ نئے صبح وشام پیدا کر'' کی جانب مبذول کرائی جس کا جواب زبردست تالیوں کی صورت میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ انفرادی محنت سے اجتماعی بہتری لانی ہے اور ہمیں اپنی اعلیٰ روایات کی پاسداری کرتے ہوئے ماہ دسمبر میں شاندار و بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

اس موقع پر پرنسپل آفس مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے تین بڑے انعامات کی قرعہ اندازی ہوئی جس میں ہنڈا موٹر سائیکل 70CC، فلپس ٹی وی، اور اسٹیریو ساؤنڈ سسٹم فلپس شامل تھے۔

بعدازاں سدرن ریجن کے اعلان کردہ ''کیش اینڈ کیش'' لکی ڈرا کنٹیسٹ اکتوبر 2007ء کی قرعہ اندازی ہوئی جس میں 3 لاکھ روپے کے نقد انعامات تقسیم کیے گئے اور ریجن کے کروڑپتی ایریا منیجرز کو گلدستے پیش کیے گئے۔

حسب روایت بزنس چیلنجز ہوئے جس میں تمام ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جبکہ اس موقع پر سدرن ریجن کے تمام زونوں کے اشتراک سے ایک کاروباری مقابلے کا بھی اعلان کیا گیا۔

آخر میں شرکا کے لیے پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔




ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد ایریا منیجر لاڑکانہ سید نور شاہ بخاری کو 2007ء میں دو کروڑ روپے پریمیئم کرنے پر مبارکباد دے رہے ہیں



جناب محمد احمد امجد زونل ہیڈ کراچی ایسٹرن جناب سلطان مسعود نقی، زونل سربراہ میرپورخاص جناب عبدالستار ابڑو، زونل سرپرست لاڑکانہ جناب در محمد بالادی اور زونل رہنما کوئٹہ جناب کے ایل شاہین کو اعلیٰ کارکردگی پر ٹرافی پیش کررہے ہیں



تقریب کے شرکاء

# بیمہ کاری روزی کے لیے ایک مقدس پیشہ

## گجرات زون ایریا آفس کی تقریب تقسیم انعامات

رپورٹ......محمد اشفاق مرزا
ایریا منیجر گجرات زون

گجرات زون کے محمد اشفاق مرزا ایریا آفس میں تقسیم انعامات کی ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ایریا منیجر محمد اشفاق مرزا نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور اعلیٰ کارکردگی پر اپنی فیلڈ فورس کا شکریہ ادا کیا۔ خطبہ استقبالیہ کے بعد ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان نے کروڑ پریمیئم تقریب کا کیک کاٹا۔

اس کے بعد بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے فیلڈ کارکنان وافسران کے لیے انعامات کی قرعہ اندازی ہوئی۔ تیس خوش نصیبوں نے انعامات حاصل کیے اور میاں آرگنائزیشن کے سیلز منیجر میاں محمد افضل نے خصوصی کارکردگی دکھانے والے ساتھیوں کو انعامات پیش کیے۔

سیکٹر ہیڈ چوہدری رخسار احمد قیصر نے اپنے خطاب میں کہا کہ محمد اشفاق مرزا نے اپنی پیشہ ورانہ قیادت، ایک سیلز منیجر سے آغاز کرتے ہوئے پانچ سیلز منیجرز، درجنوں سیلز آفیسرز اور سو سے زائد سیلز نمائندوں پر مشتمل ایک مستعد اور بے مثال ٹیم تشکیل دی۔ جس نے کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ دیئے انہوں نے امید کا اظہار کیا کہ ایریا 2352 کی مخلص، محنتی اور اعلیٰ قابلیت کی حامل فورس مزید کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے گی۔

بعد ازاں زونل ہیڈ چوہدری عبدالناصر نے کہا کہ بیمہ کارکنان ایک مقدس پیشے سے منسلک ہیں اور رزق حلال کے حصول کے ساتھ ساتھ عبادت کا بھی ثواب حاصل کرنے کے حق دار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف ایک بڑا مالیاتی ادارہ نہیں بلکہ اس کا شمار ایشیا کے بڑے اور کامیاب اداروں میں ہوتا ہے انہوں نے بھی ایریا 2352 اور اس کے سربراہ محمد اشفاق مرزا کی کارکردگی کو سراہا۔

آخر میں مہمان خصوصی ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان نے خطاب کیا اور انہوں نے شرکاء اجلاس کی طرف سے ان کے بھرپور اور پرجوش استقبال کا شکریہ ادا کیا اور ایریا 2352 کی شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا آخر میں محمد اشفاق مرزا نے شرکاء کا اجلاس میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا بعد ازاں انہیں ضیافت دی گئی۔



راجہ ظفر علی شان اور چوہدری عبدالناصر کی موجودگی میں سیلز منیجر گجرات میاں محمد افضل ایک کارکن کو انعام پیش کررہے ہیں، اس موقع پر چوہدری رخسار احمد قیصر اور محمد اشفاق مرزا بھی نمایاں ہیں



راجہ ظفر علی شان، زونل ہیڈ چوہدری عبدالناصر اور ایریا منیجر اشفاق مرزا ایک سیلز نمائندہ کو کلر ٹی وی بطور انعام پیش کررہے ہیں اس موقع پر چوہدری رخسار احمد قیصر بھی موجود ہیں



چوہدری عبدالناصر قرعہ اندازی کے ذریعے فیلڈ کارکن کو انعام دے رہے ہیں اس موقع پر جناب محمد اشفاق مرزا، میاں افضل و دیگر بھی موجود ہیں

## ملتان زون میں کروڑ پتی کلب کا افتتاح

اسٹیٹ لائف ملتان زون کے سربراہ جناب طاہر احمد خان نے ملتان زون کے ایک کروڑ یا زائد پریمیئم سال اول کرنے والے ایریا منیجرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ان کی تصاویر پر مشتمل ایک گیلری بنانے کا تصور پیش کیا۔ اس سلسلے میں پی اینڈ جی ایس ڈپارٹمنٹ نے کلب کی تشکیل کی جس کا افتتاح ریجنل چیف ملتان چوہدری مدد علی انجم نے کیا۔ تمام فیلڈ کارکنان اور ایریا منیجرز نے اس کوشش کو بہت سراہا۔ یہ کلب نہ صرف ماضی کے اچھی کارکردگی کے حامل ایریا منیجرز کی یاد دلائے گا بلکہ دوسروں کے لیے ترغیب کا ذریعہ بھی بنے گا۔

## مبارک مبارک

- ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس جناب محمد سعید خان کے بیٹے شاہ رخ سعید کی شادی خانہ آبادی گزشتہ دنوں حیدر آباد میں انجام پائی۔
- ڈپٹی جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب ایس ایم خالد واسطی کے بیٹے بھی گزشتہ دنوں رشتہ ازدواج سے منسلک ہوگئے۔

ادارہ ''تحفظ'' نو بیاہتا جوڑوں کے خوشیوں بھرے مستقبل کے لیے دعا گو ہے اور جناب محمد سعید خان اور جناب ایس ایم خالد واسطی اور ان کے اہل خانہ کو اہم فرائض کی انجام دہی پر مبارک باد پیش کرتا ہے

# بہاول پور زون کی قابل تعریف کارکردگی

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا دورۂ ملتان ریجن

رپورٹ ملک اطہر سعید
سیکٹر ہیڈ بہاول پور زون



معزز مہمانان، زونل سیکریٹریٹ آمد پر خوشگوار موڈ میں

گزشتہ دنوں فیلڈ فورس، اسٹاف و افسران کی حوصلہ افزائی کے لیے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے بہاول پور زون کا دورہ کیا۔ ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم بھی ان کے ہمراہ تھے۔

انہوں نے مارکیٹنگ فورس کے مسائل کے حل کے لیے کوششوں اور تمام زونوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔

اسی روز بہاول پور زون نے 2006ء کا سالانہ بنیادی پریمیئم مکمل کیا تھا۔ مہمان خصوصی کی آمد نے فیلڈ، اسٹاف اور افسران کا حوصلہ بڑھایا۔

بہاول پور زون کے زونل سربراہ چوہدری اختر حسین نے تینوں معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے ان کی آمد کو اس لحاظ سے خوش آئند قرار دیا کہ دسمبر کے آخری عشرے سے پہلے ان کی آمد سے فیلڈ اور افسران میں ایک نیا جوش اور ولولہ پیدا ہوا ہے۔ انشاءاللہ بہاول پور زون اپنی سابقہ روایات کے مطابق ریجن میں حجم کی بنیاد پر اپنے برابر کے زونوں میں پہلی پوزیشن پر رہے گا۔ انہوں نے خاص طور پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کا شکریہ ادا کیا کہ بہاول پور زون کے لیے جنریٹر کی فراہمی ہمارے لیے نعمت ثابت ہوگی۔

اس کے بعد سال گزشتہ کے بنیادی پریمیئم کی تکمیل پر سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، افسران اور اسٹاف ممبران کی موجودگی میں کیک کاٹا گیا اور اللہ کے حضور دعائے شکرانہ کی گئی۔ زونل سربراہ نے محترمہ نرگس گھلو ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد کو زون کے مختلف شعبوں کا دورہ کرایا اور متعلقہ اسٹاف اور افسران کی کارکردگی کی تعریف کی۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے اظہار اطمینان کیا اور چوہدری اختر حسین کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے ریجن اور کارپوریشن کی سطح پر بہاول پور زون کی ہر سال بتدریج شرح اضافہ کی خصوصی طور پر تعریف کی۔



گزشتہ سال کی بنیاد پوری کرنے پر کیک کاٹنے کی تقریب کے دوران زونل سربراہ چوہدری اختر حسین فیلڈ افسران اور اسٹاف کی تعریف کرتے ہوئے، اس موقع پر محترمہ نرگس گھلو، جناب منظور احمد، چوہدری مدد علی انجم، ثناءاللہ واہلہ، فیلڈ اسٹاف و افسران بھی نمایاں ہیں

## انفرادی بیمہ زندگی کے تحت کلیمز کی ادائیگی

اسٹیٹ لائف پی ایچ ایس ڈویژن کے تیار کردہ زونل دفاتر سے موصولہ انفرادی بیمہ زندگی کے تحت کلیمز کی ادائیگی کے اعداد و شمار کے مطابق 2007ء میں ڈیتھ اور میچورٹی کلیمز کی مد میں 5ارب 14کروڑ 91لاکھ 50 ہزار روپے کے کلیمز ادا کیے گئے۔

تفصیلات کے مطابق اموات کی 5557 پالیسیوں کے تحت 75 کروڑ 70لاکھ 45ہزار روپے جبکہ (پالیسی کی تکمیل) میچورٹی کی مد میں 37,846 پالیسیوں کے تحت 4ارب 39 کروڑ 21لاکھ پانچ ہزار روپے کے کلیمز بیمہ داروں یا ان کے ورثا کو ادا کیے گئے۔

# رحیم یار خان زون پُر اعتماد کارکنان کا زون ہے

## ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ کا دورۂ ملتان ریجن

رپورٹ......احمد علی
ایڈیشنل انچارج (پی اینڈ جی ایس)



محترمہ نرگس گھلو زونل ہیڈ آر این شکرانی اور جناب منظور احمد کے ہمراہ اسٹیٹ لائف کے زونل آفس کا دورہ کر رہی ہیں

اسٹیٹ لائف رحیم یار خان زون میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد تشریف لائے۔ ایئرپورٹ پر ان کا استقبال ریجنل چیف ملتان چوہدری مدد علی انجم، زونل ہیڈ جناب آر این شکرانی، سیکٹر ہیڈز رانا نثار احمد، رانا احمد علی، جناب اے ڈی شاہد نے کیا۔

ایئرپورٹ سے مہمانوں کو لے کر زونل ہیڈ آر این شکرانی نے راستے میں واقع اسٹیٹ لائف کا رحیم یار خان زون کی مجوزہ بلڈنگ کا پلاٹ بھی دکھایا۔ جناب شکرانی نے بتایا کہ پلاٹ اسٹیٹ لائف نے 1996ء میں خریدا تھا اور یہ کمرشل علاقہ میں واقع ہے تاہم ابھی تک بلڈنگ کی تعمیر شروع نہیں ہوسکی۔ اس کی تعمیر سے اسٹیٹ لائف کو نہ صرف لاکھوں روپے ماہانہ کرایہ وصول ہوگا بلکہ یہ پالیسی ہولڈرز کے اعتماد کا باعث بنے گی۔

سیکٹر ہیڈز ایریا منیجرز میٹنگ زون کے قریب واقع کیفے لیمس میں منعقد ہوئی۔ ایریا منیجرز نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد جناب آر این شکرانی نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ڈویژنل ہیڈ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا زون پنجاب کا آخری ضلع ہے جس کے ایک طرف صوبہ سندھ دوسری طرف بلوچستان صوبہ اور تیسری طرف چولستان کا ریتیلہ صحرا ہے اور یہ زون صرف ایک ضلع پر مشتمل ہے لیکن ہماری فیلڈ فورس بہت محنتی ہے اور مجھے ان پر فخر ہے ہم انشااللہ پانچ کروڑ پریمیئم سال اول، پرسسٹینسی اور رینیول پریمیئم میں پاکستان میں نمایاں پوزیشن حاصل کریں گے۔

اس موقع پر جناب مدد علی انجم ریجنل چیف ملتان نے ان کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ اور کہا کہ آخری کوارٹر ہمیشہ ملتان ریجن کا ہی ہوتا ہے اور نہ صرف رحیم یار خان زون بلکہ ملتان ریجنل اپنی فیلڈ فورس کی شبانہ روز محنت سے پہلی پوزیشن حاصل کرے گا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ رحیم یار خان زون میں دوسری مرتبہ آیا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ یہاں کے لوگ قول کے پکے ہیں۔ جو کہتے ہیں اس کو پورا کرنے کے لیے جان لڑاتے ہیں۔ سردی، گرمی، بارش ان کے پاؤں کی زنجیر نہیں بنتی۔ انہوں نے رحیم یار خان زون کے لیے کنٹیسٹ کا اعلان بھی کیا۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کو خطاب کی دعوت دی گئی تو سب نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا انہوں نے کہا کہ میں پہلی دفعہ رحیم یار خان آئی ہوں۔ مجھے آپ لوگوں سے مل کر بہت مسرت ہوئی۔ میں امید رکھتی ہوں کہ جناب آر این شکرانی کا دیا ہوا پانچ کروڑ کا ٹارگٹ یقیناً مکمل ہوگا۔ مجھے آپ لوگوں کے چہرے پر اعتماد کی جھلک نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹارگٹ کی تکمیل کے بعد ہم پھر رحیم یار خان زون آئیں گے۔



رحیم یار خان زون کے سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز میٹنگ کے اختتام پر کامیابی کے لیے دعا مانگ رہے ہیں

# News in Pictures

تحفّظ



صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن لاہور سینٹرل زون جناب محمد اصغر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کو تحفہ پیش کر رہے ہیں،
اس موقع پر ریجنل چیف سینٹرل محمد اسلم صابر، زونل ہیڈ شیخ زاہد امام اور جنرل سیکریٹری جناب محمد افضل بھی نمایاں ہیں




ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو اپنے دورہ میر پور خاص میں ایک تقریب کے دوران زونل ہیڈ جناب
عبدالستار ابڑو کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہی ہیں، جناب منظور احمد اور جناب محمد احمد امجد اظہار مسرت کر رہے ہیں



پشاور زون، کروڑ پتی ایریا منیجرز جناب محمد جان اور فضل اکبر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس
گھلو کی موجودگی میں کروڑ کی حد پار کرنے کی خوشی میں کیک کاٹ رہے ہیں




کراچی سینٹرل زون کے زیر اہتمام کاروباری مقابلے کے نتیجے میں قرعہ اندازی کے ذریعے اے جی ایم مارکیٹنگ ڈویژن جناب ریاض احمد بودلہ،
مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز جناب علی رضا جعفری، جناب محمد انوار، جناب محمد علی اور جناب عمران میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں



ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد، سیلز منیجرز رانا محمد شفیع اور جناب مسعود الحسن کو اعلیٰ کارگزاری
پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں



میر پور خاص زون میں منعقدہ ایجنسی میٹنگ کے دوران ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد
اور زونل ہیڈ عبدالستار ابڑو حاضرین سے خطاب کر رہے ہیں



لاہور ویسٹرن زون کے سربراہ جناب سلطان اے شیخ، سب زونل ہیڈ جناب خالد محمود شاہد اور ایریا منیجر جناب طارق منصور ایجنسی میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

# News in Pictures

تحفظ



جناب منظور احمد ایریا منیجر جناب ساجد علی طاہر کو ڈیڑھ کروڑ روپے پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر محترمہ نرگس گھلو اور جناب محمد احمد امجد بھی نمایاں ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ / جی اینڈ پی محترمہ نرگس گھلو نے گروپ اینڈ پینشن لاہور زون کا دورہ کیا اور سیکٹر ہیڈز سے میٹنگ کے دوران لیا گیا گروپ فوٹو، اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ جی اینڈ پی جناب ندیم بیبی بھی موجود ہیں



ریجنل چیف سدرن ریجن جناب محمد احمد امجد اور زونل ہیڈ کوئٹہ جناب کنہیالال شاہین، سیکٹر ہیڈ افتخار حسین کا میران میر مقابلہ جیتنے کی خوشی میں ایریا منیجرز اورنگ زیب و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو




میر پور خاص زون میں لکی ڈرا کے ذریعے سیلز نمائندوں کو ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد انعامات دے رہے ہیں، تصویر میں زونل ہیڈ جناب عبدالستار ابڑو و دیگر بھی نمایاں ہیں



ایریا 775 طارق منصور کے فیلڈ ورکرز کی 2007ء میں ان کی اعلیٰ کارکردگی کی بنا پر رسم تاجپوشی کی گئی اس موقع پر زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن زون جناب سلطان اے شیخ کے ساتھ ایک یادگار تصویر



ریجنل چیف سدرن ریجن جناب محمد احمد امجد کروڑ پتی ایریا منیجرز جناب محسن رضا، جناب ساجد علی طاہر، جناب نعیم رانا اور سید ساجد حسین شاہ کو ایک کروڑ روپے سے زائد پریمیئم جمع کرنے پر گلدستے پیش کر رہے ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، ریجنل چیف ملتان چوہدری مدد علی انجم، زونل سربراہ ملتان طاہر احمد خاں کا ٹاپ تھری ایریا منیجرز سردار محمد اشرف ڈوگر، عاشق علی طور اور اے آر لغاری کے ہمراہ گروپ فوٹو




ریجنل چیف ملتان چوہدری مدد علی انجم کروڑ پتی کلب کا افتتاح کر رہے ہیں، ان کے ہمراہ زونل سربراہ جناب طاہر احمد خاں، اے جی ایم پی اینڈ جی ایس محمد اشرف بھٹی، صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن محمد ارشد سجاد بھی موجود ہیں

# State Life in Action

تحفّظ



حیدرآباد زون......زونل سربراہ سید علمدار حسین کاظمی، بیمہ دار مرحوم محمد آصف میمن کی حادثاتی موت پر ان کے والد محمد شریف میمن کو مبلغ -/25,25,000 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں، ان کے ہمراہ ایریا منیجر قاسم بھرٹ اور سیکٹر ہیڈ مسعود انور آرائیں موجود ہیں



کراچی ایسٹرن زون......زونل قائد جناب سلطان مسعود نقی، بیمہ دار سکھ دیوٹی تلریجا کی وفات پر ان کی اہلیہ کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/11,35,600 روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں، ان کے ہمراہ سیکٹر ہیڈ جناب خلیل اشرف اور ڈپٹی منیجر (پی ایچ ایس) جناب توصیف احمد بھی موجود ہیں



سکھر زون......سینئر سیلز منیجر جناب چوگارام بیمہ دار آنجہانی جودھارام کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/16,87,000 روپے ان کے بیٹے کشور لال کو دے رہے ہیں



سیالکوٹ زون......ایریا منیجر سید فاخر حسین رضوی، مسز ثمینہ الیاس کو ان کی والدہ کی وفات پر ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/1,84,719 روپے کا چیک دیتے ہوئے، تصویر میں سیلز منیجر چوہدری ذوالفقار بھی ان کے ہمراہ ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، سیلز منیجر ناصر احمد قمر مرحوم کی گروپ اور انفرادی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مرحوم کی بیوہ کو مبلغ -/4,50,800 روپے ادا کیا جا رہا ہے، تصویر میں زونل ہیڈ گجرات چوہدری عبدالناصر، سیکٹر ہیڈ چوہدری رخسار اے قیصر، ایریا منیجر آصف جہانگیر بھی نظر آ رہے ہیں



لاہور سینٹرل زون......زونل ہیڈ شیخ زاہد امام بیمہ دار رانا عزت علی بیگ کو میچورٹی چیک مبلغ -/1,10,000 روپے پیش کر رہے ہیں، درمیان میں ایریا منیجر ایم اے خورشید اور سیلز افسر غلام محی الدین بھی موجود ہیں



میرپور آزاد کشمیر......زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف فاروقی اور ایریا منیجر جناب ساجد اقبال بیمہ دار محمد عارف مرحوم کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 18 لاکھ روپے ان کی اہلیہ زینب عارف کو پیش کر رہے ہیں



سکھر زون......زونل ہیڈ جناب قوت علی جتوئی بیمہ دار مرحوم عبدالرزاق سروری کا ڈیتھ کلیم چیک مرحوم کے بیٹے محمد یونس کو مبلغ -/1,29,760 روپے دے رہے ہیں



Kamal Afsar, Chairman

# Well done! Marketing Force - Kamal Afsar

## State Life's Renewal Premium stood at

# Rs. 10.12 billion in 2007

State Life has showed a robust business performance in the year 2007. The first year premium new business stood at Rs. 3.69 billion by insuring 317,961 new policyholders and their families nationwide thus showing an increase of 18.59% upto Q4, 2007.

Mr. Kamal Afsar, Chairman State Life and Members Board of Directors, Executive Directors have congratulated the marketing force in securing the business targets in 2007.

The renewal premium stood at Rs. 10.12 billion while the second and third year persistency stood at 81.43% and 88.29% respectively in 2007. Region wise, Central Region topped by securing Rs. 1252 million followed by North Region Rs. 950 million, Multan Region Rs. 753 million and South Region Rs. 742 million by showing an increase of 19.58%, 16.04%, 27.69% and 2.88% respectively.

State Life's Group Life Insurance (premium income) stood at Rs. 2.82 billion by securing 154 new groups in 2007. State Life has secured US $2,627,658 as new premium from its Gulf Zone operations by marketing 1841 new policies in that region.

State Life has paid Rs. 5.14 billion on account of claims both death and maturity that has benefited 43,403 policyholders and their families nationwide during the period 2007. While on the group life side, State Life has paid Rs. 2.30 billion for 13,683 cases. The said figures owes to the strategic marketing vision of Ms. Nargis Ghaloo, Executive Director Marketing, that had resulted in securing the business targets in 2007 by our elite marketing force.

The Real Estate Division has showed remarkable growth by securing gross income of Rs. 628 million in 2007 as compared to Rs. 525 million in 2006. While the occupancy ratio has significantly increased from 76% in 2004 to 92% in 2007.

Mr. Kamal Afsar, has emphasized the need on the part of the marketing force, officers and Staff to zealously work for the development and growth of the corporation.

By: **Kamran Channa**
Deputy Manager (A&SP)

# A death Claim of Rs. 85 Lac Paid

Recently, State Life has paid a death claim of Rs. 85 Lac. Mr. Aslam Sabir, Regional Chief, Central Region, presented a death claim cheque of Rs. 85 lac to the widow of Mr. Pervaiz Butt, a deceased State Life policyholder. Mr. Pervaiz Butt had bought two State Life policies just four years back and paid regular yearly premium during that period. The motive in such precedent is that life insurance with State Life is a best mode of financially securing the future of one's spouse and children and as a safe investment in today's insecure and risky life.

As a guardian of its millions of valued policyholders both in the individual and group life, State Life has set a long history of making claims payment. During the year 2007 State Life has paid Rs. 5.14 billion on account of maturity and death claim in individual life, that has financially benefited 43,403 policyholders and their families nationwide. On the group life side, State Life has paid Rs. 2.30 billion in 2007 that has benefited 13,683 Group Life Policyholders.



A death claim cheque of Rs. 85 Lac is being presented by the Regional Chief Central Region Mr. Muhammed Aslam Sabir to the widow of State Life deceased policyholder Mr. Pervaiz Butt.